This question paper contains 4 printed pages]

Roll No. | | | | | | | | | | | |

S. No. of Question Paper : **1021**

Unique Paper Code : **214281** **D**

Name of the Paper : **Urdu-A (CH-2.5)**

Name of the Course : **B.Com. (Hons.)**

Semester : **II**

Duration : **3 Hours** Maximum Marks : **75**

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

۱۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے :

(الف) میری پسندیدہ کتاب

(ب) انٹرنیٹ کی اہمیت و افادیت

(ج) کالج میں میرا پہلا دن

یا

اپنی نئی کمپنی کے رجسٹریشن کے لئے کمپنی رجسٹرار کو ایک خط لکھئے۔

۲۔ ذیل کے اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھئے : ۲۰

اردو میں پہلا اخبار کب نکلا ؟ یہ بتانا مشکل ہے لیکن ۱۸۳۶ء سے اخبارات کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا۔ چنانچہ دلی اخبار، سید الاخبار شروع کے اخبارات میں سے ہیں۔ اس کے بعد اردو میں

P.T.O.

بہت سے مشہور اخبارات نکلے۔ مثلاً اودھ اخبار، الہلال، ہمدم، ہمدرد، مدینہ، الجمعیۃ، سرفراز، زمیندار، انقلاب، خلافت، پرتاپ، تیج، ملاپ، ہند، پیام، امروز، قومی آواز، دعوت، سیاست وغیرہ۔ اسی طرح رسائل نے بھی اردو ادب کو مالا مال کیا، نئے نئے لکھنے انہیں رسائل کے ذریعے میدان میں آئے، بحثیں ہوئیں، تحریکیں چلیں، نئے تجربے کیے گئے اور جو کچھ ان میں لکھا گیا وہی ادب کا جزو بن گیا۔ چند مشہور رسالوں کے نام یہ ہیں۔ مخزن، نقاد، صلائے عام، العصر، ادیب، زمانہ، مرقع، الناظر، اردو، اردو ادب، ادب، لطیف، نقوش، ادبی دنیا، ہمایوں، نوائے وقت، معارف، ادب، نیا ادب، شاہراہ ساقی، افکار، معاصر، شاعر، نگار، صبا، آجکل، سب رس وغیرہ۔

سوالات :

(الف) اردو میں اخبارات کا سلسلہ کب شروع ہوا تھا ؟

(ب) اردو کے کچھ مشہور اخباروں کے نام لکھیے۔

(ج) اردو کے چار مشہور رسالوں کے نام لکھیے۔

(د) اخباروں اور رسالوں کی اشاعت سے اردو ادب کو کیا فائدہ ہوا ؟

(ہ) اس اقتباس کا کوئی مناسب عنوان لکھیے۔

۳۔ درج ذیل اصطلاحات میں سے صرف پانچ کے اردو مترادف لکھیے : ۱۵

(1) Consultant

(2) Consumer

(3) Contract

(4) Contract chain

(5) Contract department

(6) Comparison

(7) Comparison of value

(8) Comparison shopper

(9) Condition

(10) Condition express

(11) Confiscation.

۴۔ اردو زبان کی کہانی پر مختصر نوٹ لکھیے۔ ۱۰

یا

''شمالی ہند میں اردو'' پر مضمون تحریر کیجیے۔

۵۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کوئی ایک کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کیجیے: ۱۰

(الف)

جب ہندوستان باقاعدہ انگریزی حکومت کی غلامی میں آ گیا تو قومی روح جاگی اور آزادی کی خواہش طرح طرح سے ہونے لگی۔ ۱۸۸۵ء انڈین نیشنل کانگریس کی بنیاد پڑی، اخباروں میں انگریزی حکومت کے خلاف مضمون لکھے جانے لگے۔ اور چونکہ دنیا کے دوسرے ملکوں میں بھی آزادی کا جذبہ بڑھ رہا تھا، اس لیے ہندوستانی بھی اپنے ملک کے بہتری کا خواب دیکھنے لگے۔ انگریزوں نے ملک کو ہر طرح تباہ کیا تھا، اگر چہ راجہ رام موہن رائے، سر سید اور دوسرے لوگوں نے اس حالت کو بدلنے کی کوشش کی مگر کوئی فائدہ نہیں ہوا تھا۔

(ب)

اس طرح نیا دور شروع ہوتے ہی اردو زبان کو اعلیٰ پائے کے ادیب مل گئے جنہوں نے دلی لگن کے ساتھ ادب کے ہر شعبے کو چمکانے کی کوشش کی۔ ان لوگوں نے مغرب سے آئے ہوئے علوم و فنون، خیالات اور معلومات سے اس طرح مدد لی کہ ہندوستانی ادب کا مزاج نہیں بدلا اس کا دامن البتہ اس کا دامن وسیع ہو گیا۔ نئی شاعری اور اس میں نئے انداز کے علاوہ ڈرامہ، تنقید، سوانح نگاری، انشاء، علمی مضمون نگاری ہر چیز کو فائدہ پہنچایا اور نئی نسلوں کو اندازہ ہوا کہ ادب کے ذریعے سے قومی زندگی میں جوش اور گہرائی پیدا کی جا سکتی ہے۔